Author: Kamla Bakaya
Illustrator: Audrey Agnier
Translator: Shahid Anwar

اور بلاؤ ایک جنا

ایک بڈّھی نے بویا دانہ

گاجر کا تھا پیڑ لگانا

دانے میں سے کِلّا پھوٹا

کِلّے سے وہ بن گیا بوٹا

تھوڑی تھوڑی کھاد پڑی

گاجر ہاتھوں ہاتھ بڑھی

سوچا توڑ اسے اب لاؤں

حلوہ گرما گرم پکاؤں

پکڑی چوٹی، زور لگایا

ہاتھ نہیں پر کچھ بھی آیا

نہیں بنا، کچھ نہیں بنا

اور بلاؤ ایک جنا

تب بڈّھی کا ناتی آیا

مل کر اس نے زور لگایا

نہیں بنا، کچھ نہیں بنا

اور بلاؤ ایک جنا

تب بڈّھی کا کتّا آیا
ہانپھ ہانپھ کر زور لگایا
نہیں بنا، کچھ نہیں بنا
اور بلاؤ ایک جنا

تب بڈّھی کی آئی بلّی

سن کر سب کی چیخا چلّی

سب نے مل کر زور لگایا

گاجر کو اُکھاڑ تب پایا

لو بھئی، اے لو بھئی

جیت ہماری ہو گئی!

چندو

چندو کی تھی بُدّھی تھوتھی

ہر دم پڑھتا پُستک پوتھی

مُکھ سے جھر جھر جھاڑے گیان

جیسے پنڈت ہو ودوان

ایک روز لے پوتھی سنگ

من میں گھول رہا تھا رنگ

بڑے بڑے میں کام کروں گا

دنیا بھر میں نام کروں گا

لگے کسی کے گھر میں آگ

پہنچوں گا میں جھٹ پٹ بھاگ

جلتے ہی میں کود پڑوں گا

پروپکار کے لیے لڑوں گا

مرتوں کو دے جیون دان

جگ میں پاؤں گا سمّان

ہرتا جو پرجن کی پیر

سو ہی تو کہلاتا ویر

دوڑی دوڑی منّی آئی
جلدی آنا چندو بھائی
ہاتھ جلا بیٹھا ہے للّا
مچا رہا ہے کیسا ہلّہ

اماں گئی کام پر باہر
میرے سر پر ہی سارا گھر
کدھر کدھر میں کروں بتاؤ
جا کر ذرا دوائی لاؤ

دھیان ہوا چندو کا بھنگ
بولا، کیوں کرتی ہے تنگ ؟
یہاں جو آئی جلدی جلدی
کیوں نہ بھر دی چونا ہلدی ؟

چھوٹی چھوٹی سی بات کے خاطر

میرے پاس نہ آنا اب پھر

جب دیکھو تب گھر کا جھنکنا

طاق میں دھر دوں پڑھنا لکھنا ؟

منّی نے جو جھڑکی کھائی

واپس الٹے پیروں دھائی

روتے للاّ کو چمکارا

کسی طرح دن کاٹا سارا

شام پڑی جب آئی ماتا

اور سنی چندو کی گاتھا

ہر دئے ہینتا پر جھلاّئیں

چندو کے کمرے میں آئی

بِلکھ رہا تھا چھوٹا بھائی

ذرا نہ لائی گئی دوائی

پڑھ پڑھ کر بنتا ہے گیانی

گھر کے لیے نٹھرا ابھیمانی!

گھر والوں کے کام نہ آئے

ایسا پڑھنا بھاڑ میں جائے!

چھی چھی یہ کیسا اندھیر

گھر میں گیدڑ باہر شیر!

بڈھا مہاراج کچلا گیا موٹر سے آج

میری دادی، میری دادی

کیا ہے بیٹا، بولی دادی

بُرا ہوا ہے، بُرا ہوا ہے

ہے بیٹا، کیا ہوا ؟

وہ اپنا بڈھا مہاراج

کچلا گیا موٹر سے آج

بڑی چوٹ ہے اس کو آئی

یاد آگئی اپنی مائی

پڑا پڑا وہ روتا ہے

آنسو سے منہ دھوتا ہے

کوئی نہیں بچانے والا

بھاگ گیا ہے موٹر والا

سن کر دادی بڑی گھبرائی

رام رام ہی منہ کو آئی

چل بیٹا، دیکھیں مہاراج

جو کچلا موٹر سے آج

جلدی جلدی قدم بڑھائے

یہ کہہ دونوں باہر آئے

دادی نے جو نظر گھمائی

تو نہ دیا مہاراج دکھائی

پڑا ہوا تھا بڈھا بھوپر

اور کھیل کی موٹر اوپر

'دَھت تیرے کی' دادی بولی

اور ہنس پڑی بڑھیا بھولی

میں ہوں ایک ننھی سی بالا

میں ہوں ایک ننھی سی بالا، ڈرنا میں نے جانا نہ

من مانی ہوں کرنے والی، رعب کسی کا مانا نہ

بھولا بھالا مُکھڑا میرا، انکھیاں کالی کجراری

ٹھمک ٹھمک کر اُڑتی پھرتی، تتلی جیسی متواری

رات کو جب جھینگر گنجائیں، ماں کہتی پریاں گاتیں
اچھے اچھے بچوں کو وہ، روز سلانے کو آتیں!

بھولے پن میں مَیں کہہ اٹھتی، اندر انہیں بلاؤنا
میٹھی جھڑکی دے ماں کہتی، رات پڑی، سو جاؤنا

نہ جانے سوتے میں کیسے، گھر سے باہر نکل پڑی

ان پریوں کا بھید لگانے کی، تھی من میں ٹوہ بڑی

دور آسمان پہ تارے، مجھ دیکھ مسکاتے تھے

بڑے پیار سے جگ مگ کرتے، اپنے پاس بلاتے تھے

چھن کے چھن میں پنکھ جڑاؤ،

میرے کندھوں آن جڑے

اونچے اونچے اٹھتے جاتے،

مجھ کو لے کر دور اُڑے

آکاشی گنگا پر اڑتی،

دیکھی پریوں کی ٹولی

مجھے بلانے آئی رانی،

ساتھ اسی کے تب ہولی

سب کی سب تب پریاں آئیں،

مجھ کو گلے لگانے کو

ہوا سویرا اٹھو لاڈلی،

اماں آئی جگانے کو!

Story Attribution:

This story: سب رنگ is translated by Shahid Anwar . The © for this translation lies with Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'सबरंग', by Kamla Bakaya . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Sabrang' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

Images Attributions:

Cover page: A girl flying in the night sky with two small fairies, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: An old woman gesturing with her hand, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A carrot emerging from the soil ready to be picked, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A man relaxing on the ground with a dog behind him, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: An old woman, a man, and a dog all one behind the other trying to pull a carrot from the ground, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A cat sleeping peacefully on a brick wall, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: An old woman sitting happily on the ground with a cat and holding a carrot in her hand, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A boy buried in his books, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A boy flying with a cape towards a city, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A day-dreaming boy sitting royally on a bed surrounded by books, by Audrey Agnier © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

Images Attributions:

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

سب رنگ

(Urdu)

کملا بقایا کی لیکھنی کی چپلتا دیکھتے ہی بنتی ہے۔ نٹکھٹ ننھوں کے لیے ان کی نت نئی نویلی کویتائیں۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!